

احوال و کوائف دارالعلوم حقانیہ

شفیق فاروقی

۲۶ مارچ ۔ تبلیغی جماعت کا ایک وفد دارالعلوم آکر دو تین روز تک مسجد دارالعلوم میں مقیم رہا ۔ وفد میں سعودی عرب، یمن اور امریکہ وغیرہ کے افراد شریک تھے ۔ اس دوران انہیں اساتذہ دارالعلوم سے ملاقات کی غرض سے اساتذہ دارالعلوم سمیت دارالحدیث میں ایک ظہرانہ بھی دیا گیا ، علماء و اساتذہ سے باہمی تعارف پر وفد نہایت مسرور ہوا ۔

۲۷ مارچ ۔ حکومت سرحد کے چیف سیکرٹری جناب اجلال حیدر زیدی صاحب حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی زیارت اور عیادت کیلئے دارالعلوم تشریف لائے اور دفتر اہتمام میں دیر تک ان کے ساتھ رہے ۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے آپ کو دارالعلوم کا سرسری معائنہ کرایا ، صوبہ سرحد کے مشیر اطلاعات جناب شیر محمد خان صاحب بھی آپ کے ہمراہ تھے ۔ چیف سیکرٹری صاحب نے مہمانوں کی کتاب میں لکھا کہ : " آج بہت عرصہ کے بعد مولانا عبدالحق صاحب سے ملاقات ہوئی ، دارالعلوم حسب سابق ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور یہ مولانا عبدالحق صاحب کی قیادت کا کمال ہے "۔ مشیر اطلاعات صاحب نے لکھا کہ " دارالعلوم دین کا ایک مینار ہے جس کی روشنی دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچ رہی ہے ۔"

۲ اپریل ۔ مجلس شوریٰ دارالعلوم حقانیہ کی ذیلی کمیٹی برائے مشاہرات کی میٹنگ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی صدارت میں ہوئی جس میں مولانا قاری محمد امین قاری سعید الرحمان صاحب راولپنڈی مولانا ولایت شاہ کاکاخیل حکمت آباد مولانا سمیع الحق صاحب اور مولانا سلطان محمود صاحب ناظم نے شرکت کی کمیٹی نے اساتذہ دارالعلوم و تعلیم القرآن و دیگر عملہ کی تنخواہوں میں اضافہ کیا ۔

۳ اپریل ۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ آنکھوں اور امراض قلب کے معائنہ کے لئے راولپنڈی تشریف لے گئے جہاں بریگیڈیر پیرزادہ صاحب آئی سپیشلسٹ اور جناب کرنل ذوالفقار صاحب ماہر امراض قلب نے تفصیلی معائنہ کیا ۔

۵ اپریل ۔ دارالعلوم میں مولانا پیر مبارک شاہ صاحب مردان ، مولانا فضل احمد صاحب دارالعلوم اسلامیہ تکی مردت مولانا محمد یعقوب صاحب سابق ایم ۔ پی ۔ اے (جمعیۃ العلماء اسلام) کی وفات پر اظہار تعزیت اور ختم کلام پاک کے بعد ایصال ثواب کیا ۔

۱۵ اپریل ۔ دارالعلوم کے ششماہی تحریری و تقریری امتحانات شروع ہوئے جو ایک ہفتہ تک جاری رہیں گے